نظرات کی کتابت ہو چکی تھی کہ شاہ فیصل رحمۃ اللہ علیہ کے حادثہ فاجعہ کی اطلاع ملی۔ بلاشبہ یہ حادثہ اس وقت پورے عالم اسلام کے لئے بہت بڑا اور ناقابل تلافی المیہ ہے۔ آئندہ اشاعت میں اس پر تفصیل سے اظہار خیال کیا جائے گا۔

مولانا عبدالماجد دریابادی مدظلہ العالی کا مکتوب گرامی

پچھلے دنوں صدق جدید میں پہلے ہی صفحہ پر "صدق کا مستقبل" کے عنوان سے خود مولانا کا لکھا ہوا نوٹ نظر سے گزرا تو طبیعت سخت بے چین اور مضطرب ہوئی اور فوراً مولانا کی خیریت وعافیت مزاج اور صحت کی رفتار معلوم کرنے کے لئے حکیم عبدالقوی صاحب کے نام ایک خط لکھا۔ الحمدللہ کہ اس عریضہ کا جواب مولانا نے خود اپنے قلم سے لکھا ہے، ہم ذیل میں اس مکتوب گرامی کو شائع کرنے کا شرف حاصل کرتے ہیں۔

بسم اللہ

مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۷۵ء صدق دریاباد ضلع بارہ بنکی

برادرم وعلیکم السلام

اپنے مردہ خط کا نمونہ دکھانے کے لئے ایک دو سطریں اپنے ہاتھ سے لکھے دیتا ہوں، بھولیاں کثرت سے ہوتی ہیں، بولنے میں بھی اور لکھنے میں بھی، اخبار، رسالے، کتابیں کے مطالعہ میں بڑی ہی دشواریاں ہوتی ہیں، پیشاب کے لئے رات میں تین چار بار اٹھنا پڑتا ہے، ذاتی کتب خانہ (.....٭.....) الگ کر دیا ہے، ندوہ اور علی گڑھ کے نام چلنے میں زیادہ تھکن نہیں ہوتی، کھڑے ہونے میں البتہ ہوتی ہے، آپ کا مضمون

٭ ان ایک پرائیویٹ بات لکھی تھی، ہم نے اسے حذف کر دیا ہے۔

سیرت نبوی کے ماخذوں پر بڑی دلچسپی اور شوق سے پڑھ رہا ہوں، مہینوں سے داد دینے کے لئے تڑپ رہا ہوں، جزاک اللہ و ماشاء اللہ، بشرط زندگی کانووکیشن میں آؤں گا، ان شاء اللہ، سفرات کی گاڑی سے نہیں کرسکتا، والسلام

دعاگو دعا خواہ

عبدالماجد

انتخاب الترغیب والترہیب

مولفہ: حافظ محدث ذکی الدین المنذری رح

ترجمہ: مولوی عبداللہ صاحب دہلوی

اعمال خیر پر اجر و ثواب اور بدعملیوں پر زجر و عتاب پر متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن اس موضوع پر المنذری کی اس کتاب سے بہتر اور کوئی کتاب نہیں ہے اس کے متعدد ترجم وقتاً فوقتاً ہوئے مگر نامکمل ہی شائع ہوئے۔ کتاب کی افادیت اور اہمیت کے پیش نظر اس کی ضرورت تھی کہ اس میں مکررات اور سندوں کے اعتبار سے کمزور حدیثوں کو نکال کر اصل متن تشریحی ترجمہ کے ساتھ ملا کر طبع کرایا جائے۔ ندوۃ المصنفین دہلی نے نئے عنوانوں اور نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا پروگرام بنایا ہے جس کی پہلی جلد آپ کے سامنے ہے۔ اس جلد کے شروع میں حدیث اور اس کے متعلقات پر ایک مبسوط اور طویل مقدمہ بھی ہے اس کے بعد اصل کتاب مع تشریحی ترجمہ شروع ہوتی ہے۔

صفحات ۵۰۴ قیمت -/۱۵ مجلد -/۱۸

ندوۃ المصنفین، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶